سوال

(565)جس شخص کا نماز کسوف میں دوسرا رکوع فوت ہو جائے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا یہ صحیح ہے کہ نماز کسوف کا دوسرا رکوع سنت ہے۔ لہذا جس کا پہلا رکوع رہ گیا اسے امام کے سلام پھیر دینے کے بعد وہ رکوع کے ساتھ ایک مکمل رکعت ادا کرنا ہوگی یا یہ دوسرا رکوع پہلے رکوع کے قائم مقام ہو سکتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بات یہ ہے کہ جس شخص کا نماز کسوف میں پہلا رکوع فوت ہو گیا وہ اسے رکعت شمار نہ کرے اور اس کی بجائے وہ دو رکوعوں کے ساتھ ایک رکعت ادا کرلے نماز کسوف چونکہ عبادت ہے۔ اور عبادت توقیفی ہیں۔ یعنی عبادات کے بارے میں صرف اسی کیفیت پر اکتفاء کیا جائے گا۔ جو صحیح نصوص سے ثابت ہو۔ (فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ: جلد1

صفحہ نمبر 453

محدث فتویٰ